اخبار الجامعہ

المجلس الفقھی: جامعہ کے مہتمم مولانا سید نصیب علی شاہ نے جمعیت علماء اسلام پاکستان کے المجلس الفقھی کے اجلاس منعقدہ دار فتاء جامعہ ربانیہ جی۔او۔ار، کالونی کوئٹہ شرکت کی اجلاس میں رویئت ہلال وحدت عیدین اور اسباب فسخ نکاح پر تحقیقی بحث ہوئی۔

اجلاس نے وحدت عیدین کا مسئلہ اختلاف مطالع بلاد قریبہ وبعیدہ کے تعین واعتبار اور پاکستان میں ایک ہی روز عید ممکن ہونے پر ایک رائے قائم کرلی ہے جن کی تفصیل مجلہ میں پیش کی جارہی ہیں۔

فنی کورسز ایتام:۔ امسال بھی حسب سابق جامعہ کے شعبہ دارالحبہ للایتام نے تعطیلات موسم گرما میں ایتام کیلئے فنی کورسز کمپیوٹر کی ابتدائی تعلیم، الیکٹریشن، ٹیلرنگ اور بک بائنڈنگ کا خصوصیت کیساتھ انتظام کیا۔ یہ کورسز 26 جون 2005 سے 3 اگست 2005 تک جاری رہے۔ قریبا 100 گھنٹے اپنے دورانیے پر مشتمل ان کورسوں میں بچوں نے دلچسپی دل جمعی سے کامیاب شرکت کی۔

ایتام کا مطالعاتی دورہ:۔ 7 اگست 2005 تا 11 اگست 2005 تک دارالحبہ للایتام کے بچوں کا پانچ روزہ مطالعاتی وتفریحی دورہ رہا۔ فنی کورسوں کے آخری دنوں میں بچوں کا تفریحی دورے کیلئے اشتیاق دیدنی تھا۔ یہ دورہ گزشتہ ڈیڑھ عشرے سے مسلسل کرایا جاتا ہے۔ گونا گوں مصروفیات اور بڑھتے ہوئے مالی دباؤ کے باوجود حضرت مہتمم صاحب نے بخوشی اجازت دی اور اخراجات کیلئے حامی بھرلی۔ اب کے بار قرعہ فال اسلام آباد، مری، گلیات اور ٹیکسلا وغیرہ شہروں کے نام نکلا۔ بچوں نے خوب تفریح کی۔ حظ اٹھایا اور بہت کچھ سکھ کر 11 اگست کی شام اپنے مرکز واپس لوٹے۔

امتحانات المرکز:۔ مورخہ 17 اگست 2005 جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان بنوں کے جملہ شعبہ جات درسِ نظامی، تخصص فی الفقہ، تجوید وقرات اور تحفیظ القرآن الکریم کے اندرونی سالانہ امتحانات منعقد ہوئے۔ طلبہ نے انہماک اور پوری تیاری کے ساتھ شرکت کی۔

جلسہ دستار بندی:۔ جامعہ ہٰذا کے رواں تعلیمی سال کے اختتام پر فارغ التحصیل پچاس علماء، قراء اور حفاظ کی دستار بندی کے سلسلے میں 9 ستمبر 2005 بروز جمعۃ المبارک اہم جلسے کا انعقاد ہوا۔ جسے معروف اور جید علماء کرام نے اپنے خطاب میں دین اسلام، حالات حاضرہ اور مسلمانوں کو درپیش مسائل پر سیر حاصل روشنی ڈالی۔

مقالہ تخصص کا علمی مناقشہ:۔ جامعہ کے شعبہ تخصص فی الفقہ کے فارغ التحصیل مولوی ندیم اللہ صاحب نے اپنے دو سالہ افتاء کورس کی تکمیل زیر نگرانی حضرت مفتی نعمت اللہ حقانی صاحب کی۔ اور اردو زبان میں فل سکیپ 250 صفحات پر مشتمل مقالہ بعنوان ''تعزیز بالمال کی شرعی حیثیت'' لکھ کر مکمل کیا۔ اس مقالے کا باقاعدہ علمی مناقشہ 9 ستمبر 2005 کو جلسہ عام میں مفتیان کرام کی منتخب کمیٹی نے کیا۔ اور ان سے زبانی سوال وجواب کئے۔ حاضرین نے مولانا کی محنت کو سراہا۔

اجتماع خواتین:۔ 12 ستمبر 2005 کو جامعہ کے شعبہ مدرسۃ الاسلامیہ للبنات کے درس نظامی سے فراغت پانے والی پچیس طالبات کی تقسیم اسناد کی ایک اہم تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں خواتین اسلام نے اصلاحی بیانات پیش کئے، اس خالص علمی تقریب سے طالبات کے عزیز واقارب (خواتین) اور علاقہ کے دیگر خواتین نے بھی استفادہ کیا۔ اس طرح بنوں میں یہ پہلی علمی دینی خواتین اجتماع کی شکل اختیار کرگئی۔ جو مکمل شرعی حدود کے اندر منعقد ہوا۔

وفاق امتحانات:۔ جامعہ کے کشادہ اور وسیع مرکزی جامعہ میں وفاق المدارس ملتان کے زیر نگرانی درسِ نظامی کے جملہ درجات کے سالانہ امتحانات 3 ستمبر 2005 سے 8 ستمبر 2005 تک جاری رہے۔ اسی طرح مدرسۃ الاسلامیہ للبنات کے بھی درسِ نظامی کے سالانہ امتحانات مکمل ہوگئے۔ دونوں ہالوں میں صرف جامعہ کے طلبہ وطلبات شریک امتحانات تھے۔

تعمیر مساجد:۔ جامعہ المرکز اسلامی کے زیر نگرانی شیری خیل عیسکی شیخان، گلابند کلہ لکی، ارسلامیتھا خیل، گلزار کلہ ہوید اور اس طرح شیر علم خان پیر خیل لکی میں مساجد کو مکمل کرکے بقاعدہ تقریبات منعقد ہوئے، حضرت مہتمم نے افتتاح کیا۔ اس موقع پر یہاں کے مکینوں نے جامعہ المرکز الاسلامی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے عقیدت کا اظہار کیا۔ اور جامعہ کے دینی خدمات کو سراہا۔

ترتیب: قاری ثناء اللہ خان ناظم ترسیل المباحث الاسلامیہ